# SCHOOL BASED ASSESSMENT 2024-25

**Mid-Term**

## Urdu Grade 8

**School Name:** ____________________

## ANSWER KEYS

| | | |
|---|---|---|
| Q. No.1 : b | Q. No.2 : b | Q. No.3 : c |
| Q. No.4 : b | Q. No.5 : d | Q. No.6 : a |
| Q. No.7 : c | Q. No.8 : c | Q. No.9 : b |
| Q. No.10 : a | | |

## ANSWERS / RUBRICS

سوال نمبر11:

آیٹم روبرک (اردو):

تشریح:

شاعر کا تخیل انتہائی خوبصورت ہے جس میں وہ پت جھڑ کے موسم (جس میں درختوں کے پتے جھڑ جاتے ہیں) میں بھی ایک کامیابی کی نوید سناتا ہے شاعر امید دلاتا ہے کہ ہر گزرتے اور مشکل وقت کے ساتھ انسان کو چاہیے کہ اپنی محنت جاری رکھے، خوب دیانتداری اور لگن کے ساتھ اگر تمہارے ساتھ کوئی برا سلوک بھی کرتا ہے تو تم پھر بھی اچھائی کا دامن ہر گز نہ چھوڑو۔

بقول شاعر:

پھول جب کھل جائیں تو محبوب سے کم کم ملنا محسن

ایسے موسم میں محبت پہ زوال آتے ہیں۔۔۔۔

اس لیے پھول کھلنے کے موسم میں نہیں شاعر نے پت جھڑ کے موسم میں امید دلائی ہے، اور درس دیا ہے کہ برائی کا بدلہ اچھائی سے دو یعنی بدلے خزاں کے نظیر چمن بہار کی امید رکھ۔۔۔

| اشعار کی تشریح کرنا(کل نمبر 15) | | | |
|---|---|---|---|
| پہلا اور دوسرا شعر تشریح 12نمبر | پہلے شعر کی جامع تشریح (شعر میں موجود پیغام کی وضاحت)کرنے پر:6نمبر<br>دوسرے شعر کی جامع تشریح (شعر میں موجود پیغام کی وضاحت)کرنے پر6 نمبر<br>یا<br>دونوں اشعار کی قطعہ بند شکل میں جامع تشریح(اشعار میں موجود پیغام کی وضاحت) ہو تو اس صورت میں دیں :12نمبر | پہلے شعر میں موجود پیغام کی وضاحت ادھوری ہو:<br>01 تا 05 نمبر<br>دوسرے شعر میں موجود پیغام کی وضاحت ادھوری ہو:<br>01 تا05 نمبر<br>قطعہ بند شکل میں اگردونوں اشعار میں موجود پیغام کی وضاحت ادھوری ہو تو:02 تا 10 نمبر | پہلے شعر میں موجود پیغام کی وضاحت بالکل غلط:0 نمبر<br>دوسرے شعر میں موجود پیغام کی وضاحت بالکل غلط:0 نمبر |
| گرامر اور رموزِ اوقاف (3نمبر) | افعال اور علامات دونوں کا درست استعمال:03 نمبر | اگر افعال اور علامات دونوں جزوی درست ہوں یا افعال اور علامات میں سے کسی ایک کا استعمال درست ہو: 1 نمبر | اگر افعال اور علامات دونوں بالکل غلط ہوں:0 نمبر |

سوال نمبر12:

آیٹم روبرک (اردو):

نمونہ جواب:

ابتدا میں ان منصوبوں کی ترقی کی رفتار دیکھ کر یہ امید پیدا ہو چلی تھی کہ جلد ہی ملک خود کفالتی کے راستے پر پوری طرح گامزن ہو جائے گا اور غربی اور بدحالی کا خاتمہ ہو جائے گا لیکن دوسری طرف ملک کی آبادی بھی غیر معمولی رفتار سے بڑھتی گئی اور ملک کی خوشحالی کے راستے میں ایک رکاوٹ بن کر سامنے آ کھڑی ہوئی اور ستم بالائے ستم یہ کہ اسی دوران ملک کو غیر ملکی طاقتوں سے جنگ کرنے پر مجبور ہو ناپڑا۔ ظاہر ہے کہ ان حالات میں مہنگائی کا بڑھنا قدرتی تھا۔ لیکن موجودہ مہنگائی کی صورتحال کو منافع خوری بلیک مارکیٹ اور رشوت نے اس حد تک پہنچادیا ہے کہ درمیانہ اور اوسط طبقے کے لوگ بھی پیٹ بھرنے اور تن ڈھانپنے کی ضرورتوں کو پورا نہیں کر سکتے۔ غریبی میں کمی کی بجائے بے پناہ اضافہ ہو گیا۔

آج پاکستان میں بھوک، مفلسی اور بدحالی کا مسئلہ جتنا اہم ہو گیا ہے شاید پہلے کبھی نہیں تھا۔ ان حالات کے پیش نظر ہمارے رہنماؤں کو اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ ایک شاعر مہنگائی کو اشعار میں یوں بیان فرمارہے ہیں؛

روٹی کے دو نوالے ہیں مشکل سے دستیاب

مہنگائی اس قدر ہے کہ مر جائے آدمی

روبرک:

| مضمون نویسی (کل نمبر 10) | | | |
|---|---|---|---|
| پیراگراف (01۔ نمبر) | مضمون پیراگراف کی صورت میں ہو: 1 نمبر | مضمون پیراگراف کی صورت میں نہ ہو: 1/2 نمبر | جملے نہ پیراگراف میں اور نہ حروفِ ابجد وغیرہ کے لحاظ سے لکھے ہوں: 0 نمبر |
| پلاٹ (6۔ نمبر) | دو سو الفاظ پر مبنی: جملوں کی ساخت اور ترتیب درست ہو 06: نمبر | ایک سو ستر الفاظ پر مشتمل جملے ساخت اور ترتیب کے لحاظ سے درست ہوں: 05 نمبر<br>ایک سو پچاس الفاظ پر مبنی جملے ساخت اور ترتیب کے لحاظ سے درست ہوں: 04 نمبر<br>سو الفاظ پر مبنی جملے ساخت اور ترتیب کے لحاظ سے درست ہوں۔ 03 نمبر<br>دو تا تین جملے ساخت اور ترتیب کے لحاظ سے درست ہوں۔ 02 نمبر<br>صرف ایک جملہ ساخت کے لحاظ سے درست ہو: 01 نمبر | تعداد، ساخت اور ترتیب کے لحاظ سے کوئی جملہ درست نہ ہو: 0 نمبر |
| تخیل (01۔ نمبر) | موضوع کے مطابق خیالات کا انتخاب: 01 نمبر | موضوع کے مطابق ادھورے خیالات: 1/2 نمبر | غیر موزوں خیالات: 0 نمبر |
| گرامر اور رموزِ اوقاف (2۔ نمبر) | افعال اور علامات دونوں کا درست استعمال: 2 نمبر | افعال اور علامات دونوں جزوی درست ہوں یا افعال اور علامات میں سے کسی ایک کا استعمال درست ہو: 01 نمبر | افعال اور علامات دونوں غلط ہوں: 0 نمبر |

سوال نمبر 13:

---

آیٹم روبرک (اردو):

(ممتحن دونوں گروپس میں سے کل پانچ سوالات پوچھے۔)(کل نمبر 10)

وطن کی مٹی گواہ رہنا، گواہ رہنا
وطن کی مٹی گواہ رہنا، گواہ رہنا
وطن کی مٹی عظیم ہے تُو، عظیم تر ہم بنا رہے ہیں
گواہ رہنا، وطن کی مٹی گواہ رہنا
گواہ رہنا
ترے مغنّی کی ہر صدا میں تری ہی خوشبو مہک رہی ہے
ہر ایک سُر میں ہر ایک لَے میں تری محبت چمک رہی ہے
گواہ رہنا، وطن کی مٹی گواہ رہنا
گواہ رہنا
تری زمین کے یہ چاند تارے، ہے جن کی آنکھوں میں پیار تیرا
صداقتوں کے دیئے جلا کے بڑھا رہے ہیں وقار تیرا
گواہ رہنا، وطن کی مٹی گواہ رہنا، گواہ رہنا
گواہ رہنا

کوئی سے پانچ سوال پوچھیں۔

گروپ (الف)

1۔ درج ذیل اشعار کا تعلق کس شعری صنف سے ہے؟
2۔ وطن کی مٹی سے محبت کیوں ضروری ہے؟
3۔ صداقتوں کے دیئے جلانے سے مراد ہے؟

گروپ (ب)

1۔ ملی نغمہ سے کیا مراد ہے؟
2۔ ان اشعار کا مرکزی خیال کیا ہے؟
3۔ شہید کسے کہتے ہیں؟

:نمونہ جواب

گروپ (الف)

پہلا سوال: درج ذیل اشعار کا تعلق صنف ادب "ملی نغمہ" سے ہے۔
دوسرا سوال: وطن کی مٹی سے محبت اس لیے ضروری ہے کہ یہ ہماری پہچان اور پناہ گاہ ہے۔
تیسرا سوال: صداقتوں کے دیئے جلانے سے مراد ہے کہ ہمیں ہمیشہ سچ بولنا چاہیے۔

گروپ (ب)

پہلا سوال: ملی نغمہ سے کیا مراد ایسا گیت ہے جو میں وطن کی محب کا اظہار کیا جائے۔
دوسرا سوال: ان اشعار کا مرکزی خیال یہ ہے کہ ہم نے اپنے وطن کے حصول کے سیکڑوں جانوں کی قربانی دی ہے اس لیے آنے والی نسلوں کو اس کی حفاظت کرنی چاہیے۔
تیسرا سوال: وطن کے لیے جان قربان کرنے والے کو شہید کہتے ہیں۔

:روبرک

| سننا مہارت کے متعلقہ سوالات کی روبرکس :<br>کل نمبر 10 | | | |
|---|---|---|---|
| جواب بالکل غلط ہونے پر 0نمبر | جزوی جواب درست ہو تو 01 تا $1\frac{1}{2}$نمبر | جواب مکمل درست ہو تو (02نمبر) | 1 |
| جواب بالکل غلط ہونے پر 0نمبر | جزوی جواب درست ہو تو 01 تا $1\frac{1}{2}$نمبر | جواب مکمل درست ہو تو (02نمبر) | 2 |
| جواب بالکل غلط ہونے پر 0نمبر | جزوی جواب درست ہو تو 01 تا $1\frac{1}{2}$نمبر | جواب مکمل درست ہو تو (02نمبر) | 3 |
| جواب بالکل غلط ہونے پر 0نمبر | جزوی جواب درست ہو تو 01 تا $1\frac{1}{2}$نمبر | جواب مکمل درست ہو تو (02نمبر) | 1 |
| جواب بالکل غلط ہونے پر 0نمبر | جزوی جواب درست ہو تو 01 تا $1\frac{1}{2}$نمبر | جواب مکمل درست ہو تو (02نمبر) | 2 |

| پنجاب ایگزامینیشن کمیشن (سننے کا امتحان) کل نمبر 10 | | | |
|---|---|---|---|
| جماعت: | ضلع:................ | تحصیل:.................... | تاریخ:................... |

| سکول:------------------------------------------------------------------ | | | | | | | پیپر کوڈ:------------- |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نمبر شمار | نام طالب علم | سوال 1 | سوال 2 | سوال 3 | سوال 4 | سوال 5 | کل حاصل کردہ نمبر |
| 1 | | | | | | | |
| 2 | | | | | | | |
| 3 | | | | | | | |
| 4 | | | | | | | |
| 5 | | | | | | | |